# 14-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے گروپ 3 امتحان کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔

۲۔تلنگانہ میں کل سے اسکولس نصف دن کام کریں گے۔اول تا 9 ویں جماعت کے سالانہ امتحانات کا 9 اپریل سے آغاز ہوگا۔

۳۔بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام لگایا کہ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اپنا عہدہ بچانے کے لئے بی جے پی لیڈروں کے ساتھ خفیہ میٹنگیں کر رہے ہیں۔

اور

۴۔تلنگانہ میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ریاست میں مارچ کے مہینہ میں ہی اعظم ترین درجہ حرارت 40 ڈگری سلسیس سے تجاوز کر چکا ہے۔

TSPSC:

تلنگانہ پبلک سروس کمیشن نے گروپ تھری کے 1365 عہدوں پر بھرتی کے لئے منعقدہ تحریری امتحان کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔کمیشن نے جنرل رینک لسٹ جاری کی ہے اس کے علاوہ فائنل کیی ، ماسٹر کیوشن پیپرس اوراوایم آر شیٹس بھی جاری کی ہیں جو کہ کمیشن کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔طلبا میں سرکردہ رینک حاصل کرنے والے امیدوار نے 339.24 مارکس حاصل کئے ہیں جبکہ طالبات میں سرکردہ رینک حاصل کرنے والی امیدوار نے 325.15 مارکس حاصل کئے ہیں۔گروپ تھری میں سرکردہ رینک حاصل کرنے والے 36 امیدواروں میں صرف ایک خاتون امیدوار ہے۔جملہ 5 لاکھ 36 ہزار امیدواروں نے گروپ تھری کے لئے درخواست دی تھی اور یہ امتحان گذشتہ سال 17 اور 18 نومبر کو منعقد ہوا تھا۔لیکن صرف 50.24 فیصد امیدواروں نے ہی امتحان میں شرکت کی تھی۔ واضح رہے کہ ٹی ایس پی ایس سی نے گروپ وَن اور گروپ ٹو کے تحریری امتحانات کے نتائج اس مہینے کی دس اور گیارہ تاریخ کو جاری کئے ہیں۔ہاسٹل ویلفیئر آفیسر عہدے کے حتمی نتائج اس مہینے کی 17 تاریخ کو جاری کئے جائیں گے۔جبکہ ایکسٹینشن آفیسر پوسٹ کے لئے حتمی نتائج کا 19 تاریخ کو اعلان کیا جائے گا۔

PSK:

حیدرآباد کے پاسپورٹ سیوا کیندروں میں تتکال اپائنٹمنٹ حاصل کرنے والوں کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔اپائنٹمٹ بکنگ عمل کے آغاز کے چند سکینڈز میں ہی سلاٹس مکمل ہوجارہے ہیں۔ پاسپورٹ سیوا کی آفیشل ویب سائٹ کے مطابق اس

مہینے کی 20 تاریخ تک اپائنٹمنٹس بُک ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب جو امیدوار عام دخواستیں دے رہے ہیں انھیں بھی سلاٹ حاصل کرنے کے لئے تقریباً 20 دنوں تک انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔

SLBC:

ایس ایل بی سی ٹنل میں پھنسے سات افراد کی تلاش کے لئے آج 22 ویں دن بھی امدادی سرگرمیاں جاری رہیں۔ افراد کے لاپتہ ہونے کے ممکنہ مقامات کی نشاندہی کرتے ہوئے سنگارینی کالریز کے امدادی کارکن اور ریٹ مائنرس کی مدد سے کھدائی کا کام کیا جارہا ہے۔ حیدرآباد کی ایک کمپنی کے روبوٹس کا بھی بچاؤ سرگرمیوں میں استعمال کیا جارہا ہے۔

HOLI:

رنگوں کا تہوار ہولی، تلنگانہ بھر میں روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ یہ تہوار، موسم بہار کی آمد، برائی پر اچھائی کی فتح اور اتحاد و بھائی چارے کے جذبے کی علامت ہے۔ لوگ بلا تفریق ذات و مذہب آپس میں مل کر یہ تہوار مناتے ہیں۔ ہولی کا دہن سے اس تہوار کی رسومات کا آغاز ہوا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست کے لوگوں کو ہولی کی مبارکباد پیش کی۔ گورنر جشنو دیو ورما نے راج بھون کے احاطے میں راج بھون کے ملازمین اور عہدیداروں اور بچوں کے ہمراہ ہولی منائی۔ انہوں نے عوام کو مبارکباد پیش کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ تہوار ان کی زندگیوں میں خوشی، اتحاد و یکجہتی لائے گا۔ مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر میں اپنے پارلیمانی دفتر پر ہولی کا تہوار منایا اور لوگوں کو مبارکباد پیش کی۔

Sound Byte Bandi Sanjay Kumar

ریاستی وزیر سیتااکّا کی رہائش گاہ پر بھی ہولی کی بڑی تقریب منعقد ہوئی۔ انہوں نے اپنے آفس اسٹاف اور سکیورٹی اہلکاروں کے ہمراہ ہولی کا جشن منایا۔

TGHC:

تلنگانہ اسٹیٹ انڈسٹریئل انفرااسٹرکچر کارپوریشن نے کانچہ گچی باؤلی میں 400 ایکر سرکاری اراضی کی ترقی سے متعلق میڈیا رپورٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ زمین پر کوئی قبضہ نہیں ہے اور ماحولیاتی خدشات کی بھی گنجائش نہیں ہے۔ کارپوریشن کے مطابق اس کے عہدیداروں نے یونیورسٹی آف حیدرآباد کے رجسٹرار سے گزشتہ سال جولائی میں ملاقات کی تھی اور انہیں مجوزہ پراجکٹ کے بارے میں تفصیلی سے واقف کروایا تھا۔ یونیورسٹی آف حیدرآباد کے عہدیداروں کی موجودگی میں سروے کا کام کرایا گیا تھا اور حدود کا تعین کیا گیا تھا۔ کارپوریشن نے واضح کیا کہ نہ اس نے یونیورسٹی آف حیدرآباد کی زمین پر قبضہ کیا ہے اور نہ ہی 400 ایکر کے حدود میں واقع آبی ذخائر یا چٹانوں سے کسی قسم کی چھیڑ چھاڑ کی ہے۔

RAGHUNANDAN:

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ رگھونندن راؤ نے ترو ملا سر یواری درشن کیلئے تلنگانہ کے عوامی نمائندوں کے سفارشی مکتوب کی بنیاد پر داخلہ سے متعلق آندھرا پردیش حکومت اور ٹی ٹی ڈی بورڈ کے فیصلہ پر عمل کرنے کا مطالبہ کیا۔ سر یواری مندر کے درشن کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے رگھونندن راؤ نے کہا کہ اگر سرمائی تعطیلات کے دوران سفارشی مکتوب رکھنے والے شردھالوؤں کو درشن کی اجازت نہیں دی جاتی ہے تو وہ راست طور پر ترو ملا میں واقع ٹی ٹی ڈی سے رابطہ کرتے ہوئے اپنا مسئلہ حل کر سکتے ہیں۔

HEAT:

تلنگانہ میں گرمی کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ ریاست میں مارچ کے مہینہ میں ہی اعظم ترین درجہ حرارت 40 ڈگری سلسیس سے تجاوز کر چکا ہے۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق درجہ حرارت معمول سے 3.3 ڈگری سلسیس زیادہ ریکارڈ کیا جارہا ہے۔ ریاست کے شمالی اضلاع میں گرمی کی شدید لہر ہے۔ آئندہ دو دنوں کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت 42 ڈگری سلسیس سے زیادہ ہونے کا امکان ہے۔ اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم، منچر یال اور جگتیال میں خشک ہواؤں کے ساتھ گرمی کی شدید لہر رہ سکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے مذکورہ اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔

SCHOOLS:

تلنگانہ میں کل سے اسکولس نصف دن کام کریں گے۔ پرائمری، اپر پرائمری اور ہائی اسکولس میں کلاسس صبح 8 سے 12:30 بجے دن تک رہیں گی۔ عہدیداروں کے مطابق 12:30 بجے دن طلبہ کو مڈ ڈے مل فراہم کیا جائے گا۔ ایسے اسکولس جہاں دسویں کے امتحانی مرکز ہے وہاں اس مہینہ کی 21 تاریخ سے آئندہ مہینہ کی 4 تاریخ تک کلاسس کے اوقات ایک بجے دن سے شام 5 بجے تک رہیں گے۔ اول تا 9 ویں جماعت کے سالانہ امتحانات کا 9 اپریل سے آغاز ہوگا۔ اسکولوں کو سرمائی تعطیلات 24 اپریل سے 11 جون تک رہیں گی۔

MLC - NLG:

ایم ایل اے کوٹہ کے تحت منعقدہ ایم ایل سی انتخابات میں چار منتخب امیدواروں کا تعلق غیر منقسم نلگنڈہ ضلع سے ہے۔ امیدواروں میں کانگریس کے اے دیا کر اور شنکر نائک، سی پی آئی کے این ستیم اور اپوزیشن بی آر ایس کے بی سراون شامل ہیں۔ چاروں ایم ایل سیز کا تعلق ایک ہی ضلع سے ہے۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ ضلع سے مختلف ایم ایل سیز کے انتخاب سے قانون ساز کونسل میں نمائندگی بڑھے گی اور خطہ کیلئے فنڈ میں اضافہ ہوگا اور ترقیاتی مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

TUMMALA:

ریاستی وزیرزراعت ٹی ناگیشورراؤ کا کہنا ہے کہ کھمم ضلع کیلئے آبپاشی پراجکٹوں کے کاموں میں تیزی لائی جارہی ہے۔ریاستی وزیر نے آج رگھونادھا پالیم منڈل میں منچوکونڈہ لفٹ اریگیشن اسکیم کے کاموں کا معائنہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ویپا کونٹہ وینکٹیا پالیم کے قریب ایک پمپ ہاؤس تعمیر کیا جارہا ہے تا کہ کرشنا اورناگرجنا سے پانی مقامی آبی ذخائر تک منتقل کیا جاسکے۔ ریاستی وزیر نے عہدیداروں کو تیزی کے ساتھ کام مکمل کرنے اور معیار برقرار رکھنے اور پابندی کے ساتھ کاموں کی نگرانی کرنے پرزوردیا تا کہ معینہ وقت پر پانی چھوڑا جاسکے۔

KTR:

بی آرایس کے کارگذارصدر کے ٹی راماراؤ نے الزام لگایا کہ تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اپنا عہدہ بچانے کے لئے بی جے پی لیڈروں کے ساتھ خفیہ میٹنگیں کررہے ہیں۔انہوں نے اس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ موقع پرست سیاست کی واضح مثال ہے۔سوشیل میڈیا پرایک پوسٹ کے ذریعہ کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ کانگریس قائدین کی تاریخ رہی ہے کہ وہ اقتداراوراپنے عہدوں کو بچانے کے لئے عوام کونظرانداز کردیتے ہیں۔ کے ٹی آر نے ریونت ریڈی سے متعلق بی جے پی رکن اسمبلی راجہ سنگھ کے تبصرہ کا حوالہ دیتے ہوئے راہول گاندھی کو ریونت ریڈی کے خلاف کارروائی کرنے کا چیالنج کیا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس قائدین عوامی حلقوں میں تو بی جے پی کی مخالفت کرتے نظرآتے ہیں جبکہ بند دروازوں کے پیچھے وہ آپس میں ملے ہوئے ہوتے ہیں۔

BRS:

اسمبلی کے جاریہ سیشن کے دوران سابق وزیرجگدیش ریڈی کو برخواست کرنے کے خلاف بی آرایس کارکنوں نے آج ریاست بھرمیں احتجاج کیا۔آصف آباد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر،کوٹلہ،بجور،سرپوراورجینور میں حکومت کے علامتی پتلے نذرآتش کئے گئے۔ آصف آباد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر کے قریب احتجاج کے موقع پر پارٹی لیڈر سریدھرریڈی نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے اور حکومت بی آرایس لیڈروں کے خلاف انتقامی کارروائی کررہی ہے۔

BRIDGE:

منچریال ٹاؤن کے رلاواگو میں ایک اور پل کی تعمیر کے لئے مٹی کی جانچ کے عمل کا آغاز کیا گیا ہے۔رکن اسمبلی پریم ساگرراؤ نے کہا کہ 130 کروڑ روپے کی منظوری سے کام کا آغاز ہوا۔انہوں نے کہا کہ نہر میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ کے دوران رنگم پیٹ پاورسٹی،اندالما کالونی کے لوگوں کوشدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پل کی تعمیر سے لوگوں کوراحت ہوگی۔

SEIZED:

ایس ٹی ایف پولیس نے دھول پیٹ حیدرآباد میں گانجہ سے تیار کردہ کلفی آئسکریم ضبط کی ہے۔ دھول پیٹ اور مچھی پورہ علاقہ میں چھاپے مارے گئے۔اس دوران گانجہ سے بنی کلفی آئسکریم و برفی مٹھائی ضبط کی۔

○○